## ڈیرہ غازی خان بم دھماکہ میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

### ماتمی جلوس میں دھماکہ کا مقصد ملک میں ایک بار پھر مذہبی رواداری کی فضا کو ثبوتاژ کرنا ہے

### واقعہ میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے سخت سے سخت سزادی جائے

لندن۔۔۔5فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیرہ غازی خان میں ماتمی جلوس میں بم دھماکہ اوراس کے نتیجے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو ملک دشمن اورامن دشمن عناصر گھناؤنا عمل کر رہے ہیں اور معصوم انسانی جانوں سے کھیل رہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان بھی کہلانے کے مستحق نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا ماتمی جلوس پر دہشت گردی کا حملہ دراصل ملک میں ایک بار پھر مذہبی رواداری کی فضا کو سبوتاژ کرنا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزاعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ بم دھماکہ میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے سخت سے سخت سزادی جائے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے لئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم شہدادکوٹ زون کے اقلیتی کارکن کے روڈا ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5؍فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شہدادکوٹ زون کے اقلیتی کارکن سھنومل اوڈ کے روڈا ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔

## کورنگی ٹاؤن یوسی 3 کی جنرل کونسلر شمیم خانم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5؍فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کورنگی ٹاؤن یوسی 3 کی خاتون جنرل کونسلر شمیم خانم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شمیم خانم مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شمیم خانم مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران صبر جمیل دے۔ (آمین) دریں اثناء کورنگی ٹاؤن یوسی 3 کی خاتون جنرل کونسلر شمیم خانم مرحومہ کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں میں چکرا گوٹھ کورنگی نمبر 1 کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحومہ کی نماز جنازہ بعد نماز عشاء فاطمہ مسجد کورنگی میں ادا کی گئی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظم کورنگی ٹاؤن، یوسی ناظمین، کونسلرز، کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مرحومہ کا سوئم 6؍فروری بعد نماز جمعہ فاطمہ مسجد کورنگی نمبر 1 میں ہوگا۔ جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائیگی۔

## عوام ممتاز دانشور جمیل الدین عالی کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعا کریں۔ الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔5فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز دانشور ڈاکٹر جمیل الدین عالی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ جمیل الدین عالی کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹرایلڈرزونگ کے کارکن محمدرفیق علالت کے باعث انتقال کرگئے

## مرحوم کی نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست نمائندں کی شرکت، الطاف حسین کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹریونٹ83 کے بزرگ کارکن محمدرفیق علالت کے باعث انتقال کرگئے (انااللہ واناالیہ راجعون) مرحوم کی عمر70 برس تھی ان کے پسماندگان میں ایک بیٹا ہے۔ محمدرفیق مرحوم کافی عرصہ سے علیل تھے۔ دریں اثناء محمدرفیق مرحوم کوبعدنمازظہر سینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں میں لانڈھی کے اسماعیل گوٹھ قبرستان میں سپردخاک کردیاگیا۔ مرحوم کی نمازجنازہ جامع مسجدسبحانی میں اداکی گئی۔ نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی، ٹاؤن ناظم، نائب ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایلڈرزونگ، لانڈھی سیکٹرکمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹریونٹ83 کے بزرگ کارکن محمدرفیق کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیاہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمدرفیق مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورکہاکہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ محمدرفیق کوجنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل دے۔ (آمین)

## محمدرفیق، شمیم خانم، سیدعلی احمدزیدی، رابعہ خاتون، ناناخان اوروحیدہ بیگم کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹریونٹ83 ایلڈرزونگ کے کارکن محمدرفیق، کورنگی ٹاؤن یوسی 3 کی جنرل کونسلرشمیم خانم، ایم کیوایم کی اقلیتی امورکمیٹی کے رکن کلیم زیدی کے چچاسیدعلی احمدزیدی، ایم کیوایم کیماڑی سیکٹریوسی 2 انٹیلجنس کالونی کی کارکن عبدالحمیدکی اہلیہ رابعہ خاتون، ایم کیوایم بدین زون ٹنڈوغلام کے کارکن رانااشرف راجپوت کے والدناناخان اورایم کیوایم لیاقت آبادٹاؤن یوسی 2 کے لیبرکونسلرنویدرشیدکی والدہ وحیدہ بیگم کے انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیاہے۔ ایک تعزیتی بیان میں تمام مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جواررحمت میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کاحوصلہ دے۔ (آمین)

## امدادی کمیٹی کے رکن خالدمرتضیٰ کی والدہ رشیدہ ناہیدبیگم عزیزآبادقبرستان میں سپردخاک

## نمازجنازہ اورتدفین میں رابطہ کمیٹی اورحق پرست نمائندوں کی شرکت

کراچی۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ امدادی کمیٹی کے رکن خالدمرتضیٰ کی والدہ محترمہ رشیدہ ناہیدکوبعدنمازظہرعزیزآبادقبرستان میں سپردخاک کردگیا۔ مرحومہ کی نمازجنازہ فاروق اعظم مسجدفیڈرل بی ایریامیں اداکی گئی نمازجنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیدشعیب احمدبخاری، ڈاکٹرنصرت، حق پرست صوبائی وزراء عبدالرؤف صدیقی، عبدالحسیب، خالدبن ولایت، اراکین اسمبلی صفیان یوسف، امام الدین شہزاد، انورعالم، گلبرگ ٹاؤن ناظم، نائب ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز، فیڈرل بی ایریاسیکٹرکمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اورمرحومہ عزیزواقارب نے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔

## اے پی ایم ایس اوٹیکنیکل ٹریننگ سینٹریونٹ کے زیراہتمام یوم حسینؓ منایا گیا

کراچی۔۔۔5رفروری2009ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹریونٹ کے زیراہتمام ''یومِ حسین'' کاانعقادکیاگیاجس میں انسٹیوٹ کے طالبعلموں اوراساتذہ کرام نے گہری دلچسپی کامظاہرہ کیااوراپنی مصروفیات کے باوجودبڑی تعدادمیں شرکت کی۔ یوم حسین کے پروگرام میں مختلف مکاتب فکرسے تعلق رکھنے والے علمائے کرام نے شرکت کی اورواقعہ کربلاپرتفصیلی روشنی ڈالی ڈالتے ہوئے تمام شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ یوم حسین میں نارتھ ناظم آبادٹاؤن کے ناظم ممتازحمیدنے مہمان خصوصی کے طورپرشرکت کی اس موقع پراے پی ایم ایس اوٹی ٹی سی یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران بھی موجودتھے۔ اپنے خطاب میں ممتازحمیداوردیگرمقررین نے کہاکہ واقعہ کربلادنیاکیلئے مشعل راہ ہے جس پرچل کرباطل قوتوں کے خلاف جاری جنگ کوآسانی سے جیتاجاسکتاہے۔ انہوں نے کہاکہ حضرت امام حسینؓ نے اسلام کی سلامتی وبقاء کیلئے اپنی خدمات پیش کیں۔ انہوں نے مزیدکہاکہ حضرت امام حسینؓ نے حق کے پرچم کوبلندرکھتے ہوئے اپناسرقلم کروادیالیکن یزیدیت کے آگے سرنہیں جھکایا۔

## عوام محمودالحسن کی جلد صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔ الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔ 5 فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر ایلڈرز ونگ کے انچارج محمودالحسن کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محمود الحسین کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## کورنگی ٹاؤن کی حق پرست کونسلر شمیم خانم کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔ 5 فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کورنگی ٹاؤن یونین کونسل 3 کی حق پرست جنرل کونسلر شمیم خانم ذوجیت ابراہیم خان غوری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شمیم خانم مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

## کورنگی ٹاؤن کی حق پرست کونسلر شمیم خانم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔ 5 فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کورنگی ٹاؤن یونین کونسل 3 کی حق پرست جنرل کونسلر شمیم خانم ذوجیت ابراہیم خان غوری کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ آمین

## الطاف حسین سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتے ہیں، ایم کیوایم کویت کے آرگنائزر افضل خان

کویت۔۔ 5 فروری 2009ء۔۔۔ محبان پاکستان اوورسیز ایم کیوایم کویت کے آرگنائزر افضل خان اور سینٹرل کو آرڈی نیشن کمیٹی کے ارکین نے ایم کیوایم آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست نمائندے سلیم بٹ کی ڈپٹی اسپیکر اور طاہر کھوکھر کو وزارت کا قلمدان سنبھالنے پر دلی کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں سلیم بٹ کا ڈپٹی اسپیکر اور طاہر کھوکھر کی وزرت کے منصب پر فائز ہونا دراصل غریب متوسط طبقہ کی کامیابی ہے اور اس بات کی کھلی دلیل بنتی جارہی ہے کہ ملک کے دیگر حصوں کی طرح آزاد کشمیر کی عوام بھی بیدار ہورہی ہے اور 98 فیصد غریب متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے اور ملک کے محکوم عوام جاگیرداروں کے چنگل سے آزادی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 8 اکتوبر کو آزاد کشمیر میں آنے والے زلزلے اور اسکے نتیجے میں بڑے پیمانے پر تباہ کاریوں پر جس طرح اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر دکھ انسانیت کی خدمت کی اور امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا وہ قائد تحریک کا حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کے فلسفے کو عملی جامعہ پہنانے کے مترادف ہے اور اس عمل سے ثابت ہوا کہ الطاف حسین سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست نمائندوں نے جس صداقت اور بردباری سے محکوم عوام کے حقوق کی آواز بلند کی ہے وہ قابل ستائش اور مبارکباد کے مستحق ہیں۔

## معروف فنکار ظہور احمد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔ 5 فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹی وی اور ریڈیو کے سینئر اور معروف اداکار ظہور احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ ظہور احمد ٹی وی ڈراموں کی جان وپہنچان تھے، ان کے انتقال سے فن کی دنیا میں خلا پیدا ہوگیا ہے اور وہ ایک اچھے اور سینئر فنکار سے محروم ہوگئی ہے۔ جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگواران سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

☆☆☆☆☆